[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

**BILL**

further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan

**WHEREAS** it is expedient further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan for the purpose hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement**.- (1) This Bill may be called the Constitution (Amendment) Bill, 2024.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of Article 177 of the Constitution.-** In the Constitution of the Islamic republic of Pakistan, hereinafter referred to as the Constitution, in Article 177, in clause 2, in paragraph (b) for the full stop at the end the expression "; and", shall be substituted and thereafter the following new paragraph (c), shall be added, namely:-

"(c) does not hold dual nationality or citizenship of any foreign country".

3. **Amendment in Article 193 of the Constitution.-** In the Constitution, in Article 193, in clause 2, in paragraph (c) for the full stop at the end, the expression " ; and", shall be substituted and thereafter the following new paragraph (d) shall be added, namely:-

"(d) does not hold dual nationality or citizenship of any foreign country".

4. **Amendment in Article 208 of the Constitution.-** In the Constitution, in Article 208, the existing provision shall be renumbered as clause (1) and thereafter the following new clause 2, shall be added namely:-

"(2) A person holding dual nationality or citizenship of any foreign country shall not be entitled to appoint as an officer or servant of any Court"

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Judges of High Courts and Supreme Court must have their stakes in the country in which they hold position of Authority, privilege and trustworthy. Those who hold dual nationality of foreign states, putting at stake the interest of the country of their origin. There is need to ensure the loyalty of the Judges in the light of Article 5 of the Constitution. This Bill seeks to achieve aforesaid objectives.

**Sd/-**
**MR. NOOR ALAM KHAN,**
Member National Assembly

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

# اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کا

# بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ۔** (۱) بل ہذا دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **دستور کے آرٹیکل ۱۷۷ میں ترمیم۔** اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں، جس کا بعد ازاں دستور کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، کے آرٹیکل ۱۷۷ میں، شق ۲ میں، پیرا (ب) میں، آخر میں آنے والے وقف کامل کو لفظ " اور" سے تبدیل کر دیا جائے گا اور مابعد حسب ذیل نئے پیرا (ج) کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

(ج) کوئی غیر ملکی شہریت یا دوہری شہریت نہیں رکھتا۔"

۳۔ **دستور کے آرٹیکل ۱۹۳ میں ترمیم۔** دستور میں، آرٹیکل ۱۹۳ میں، شق (۲) میں، پیرا (ج) میں آخر میں آنے والے وقف کامل کو لفظ "اور" سے تبدیل کر دیا جائے گا اور مابعد حسب ذیل نئے پیرا (د) کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(د) کسی غیر ملک کی دوہری قومیت یا شہریت کا حامل نہ ہو۔"

۴۔ **دستور کے آرٹیکل ۲۰۸ میں ترمیم۔** دستور میں، آرٹیکل ۲۰۸ میں، موجود دفعہ کو بطور شق (۱) دوبارہ شمار کیا جائے گا اور اس کے بعد حسب ذیل نئی شق ۲ کو شامل کیا جائے گا یعنی:۔

"(۲) کسی غیر ملک کی دوہری قومیت یا شہریت کے حامل فرد کو عدالت کے کسی افسر یا ملازم کے طور پر تقرری کا استحقاق حاصل نہیں ہو گا۔"

## بیان اغراض و وجوہ

عدالت ہائے عالیہ اور عدالت عظمیٰ کے ججوں کے مفادات کا اس ملک کے ساتھ وابستہ ہونا ضروری ہے جہاں وہ اتھارٹی، استحقاق اور اعتماد کے حامل ہوتے ہیں۔ غیر ممالک کی دوہری شہریت رکھنے والے اپنے اصل ملک کے مفاد کو خطرے میں ڈال دیتے ہیں۔ دستور کے آرٹیکل ۵ کی روشنی میں ججوں کی وفاداری کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے۔

اس بل کا مقصد مذکورہ بالا اغراض کا حصول ہے۔

دستخط/۔

**جناب نور عالم خان**

رکن، قومی اسمبلی